جرمن اعلیٰ سطحی وفد کی دارالعلوم آمد: گزشتہ دنوں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات اور دارالعلوم کا دورہ کرنے کے لئے جرمن اعلیٰ سطحی وفد دارالعلوم تشریف لایا۔ وفد میں مختلف شعبوں سے وابستہ افراد موجود تھے۔ جو اعلیٰ عہدوں پر وہاں متمکن اور فائز ہیں۔ وفد نے حضرت مولانا مدظلہ سے عالم اسلام اور عالمی حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور خصوصاً دینی مدارس کے نصاب و کردار پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا بعد میں آپ نے دارالعلوم کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور دارالعلوم کے حسنِ انتظام اور تعلیمی کارکردگی کی دل کھول کر داد دی۔

ایران کے علماء کی دارالعلوم آمد: گزشتہ دنوں ایران سے سنی علماء کا ایک وفد دارالعلوم تشریف لایا اور ایک دو روز دارالعلوم میں ان حضرات نے قیام کیا' وفد کے سربراہ حضرت مولانا عبدالمجید مراد زھی' استاذ دارالعلوم زاہدان بلوچستان ایران' رئیس مطبوعات دارالفاروق تہران تھے' آپکے ہمراہ مولانا عبدالصمد' معاون استاد جامعہ زاہدان بھی تھے

نارویجن دانشوروں کی حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے اہم ملاقات: گزشتہ ہفتے ناروے کا ایک اعلیٰ سطحی وفد حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے تشریف لایا۔ وفد کے ہمراہ ناروے ایمبسی کے نائب سفیر جناب مسٹر رمزلین بھی موجود تھے۔ وفد میں ناروے کے نامور دانشور' ادیب' اور مختلف یونیورسٹیوں کے ٹیچر اور پروفیسر شامل تھے۔ وفد نے حضرت مولانا مدظلہ سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور اسلام اور خصوصاً دینی علوم وفنون پر گھنٹوں تفصلی تبادلہ خیال کیا۔

متاثرین زلزلہ کے لئے دارالعلوم کی امداد کا سلسلہ: دارالعلوم کی طرف سے الحمدللہ متاثرین زلزلہ کے لئے امداد کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔ رمضان المبارک میں دارالعلوم میں ایک بڑا ریلیف کیمپ قائم کیا گیا اور تمام اساتذہ بشمول مشائخ کے علاقہ بھر میں جا جا کر انہوں نے متاثرین کی امداد کے لئے عوام سے اپیل کی اور انتہائی قلیل وقت میں نقد رقومات اور دیگر انواع واقسام کے اجناس اور گرم لباس' اشیائے خوردنی گاڑیوں میں بھر کر دارالعلوم کے بڑے کیمپ میں پہنچائی۔ بعد میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی کاوشوں سے یہ سامان نہایت ہی اہم ضرورت مند علاقوں کی طرف اساتذہ کی نگرانی میں بھیجا گیا۔ یہ امدادی سامان دارالعلوم کے اساتذہ حضرت مولانا حافظ شوکت علی' مولانا ظفر الحق' ناظم الحق جناب محمد نثار صاحب اور دیگر سٹاف کے ذریعے ٹرکوں پر لوڈ کر کے متاثرہ علاقوں بٹگرام' اور الائی میں پہنچایا گیا۔ اس سے قبل بھی زلزلے چوتھے پانچویں روز حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ بھی ان علاقوں کا تفصیلی دورہ کر چکے ہیں اور اپنے ساتھ امدادی سامان بھی لے کر گئے تھے۔ اور وہاں خود تقسیم بھی کیا۔ اس کے علاوہ مولانا سمیع الحق صاحب کے اس اعلان کا بھی عوامی سطح پر بڑا خیر مقدم کیا گیا جس میں آپ نے جامعہ حقانیہ سمیت تمام مدارس کو تعطیلات کے دوران متاثرین کی رہائش کے طور پر پیش کیا تھا۔